© rasailojaraid.com


پروفیسر ساجد میر ایم اے (اسلامیات و انگریزی)

## فقہ الحدیث

# مسائلِ طہارت

## پانی اور اس کے احکام

الحمدللہ ترجمان الحدیث نے کامیابی سے قبولیت عامہ کے مدارج طے کر رہا ہے اور اس کے بلند پایہ مشمولات و مضامین اہلِ ذوق سے خراجِ تحسین وصول کر رہے ہیں تاہم کچھ عرصہ سے احباب کا تقاضا تھا کہ ترجمان میں روزمرہ عوامی زندگی کی رہنمائی کے لیے براہِ راست کتاب و سنت سے مستنبط فقہی مسائل و احکام جدید ترتیب سے لکھے جائیں چنانچہ اس شمارہ سے یہ سلسلہ شروع کیا جا رہا ہے۔ اس کی ترتیب و تدوین میں درج ذیل کتب خصوصیت سے پیشِ نظر ہوں گی ———

۱۔ قرآن مجید مع تفاسیر ۲۔ صحاح ستہ ۳۔ فقہ السنہ للسید سابق المصری ۴۔ نیل الاوطار للشوکانیؒ ۵۔ فتح الباری لابن حجر ۶۔ التلخیص الجبیر لابن حجر ۷۔ احکام الاحکام لابن الاثیر ۸۔ الدرر البھیۃ للشوکانیؒ مع شرح الروضۃ الندیہ للنواب صدیق حسنؒ ۹۔ المحلی لابن حزم ۱۰۔ المغنی لابن قدامۃ ۱۱۔ بدایۃ المجتہد لابن رشد ۱۲۔ زاد المعاد لابن قیمؒ ۱۳۔ مرعاۃ المفاتیح شرح مشکوٰۃ المصابیح للعلامہ عبید اللہ المبارکفوری ۱۴۔ شروح بلوغ المرام للامیر الیمانیؒ، والنواب صدیق حسنؒ و سید احمد حسنؒ ۱۵۔ تحفۃ الاحوذی و عون المعبود شرح جامع ترمذی و سنن ابی داؤد ۱۶۔ حجۃ اللہ البالغہ ۱۷۔ فتاویٰ نذیریہؒ ۱۸۔ تحفۃ الفقہاء للسمرقندی سے

طہارت و پاکیزگی تمام عباداتِ شرعیہ کی بنیاد ہے اس لیے عموماً طہارت اور اس کے متعلقات کے بیان ہی سے احکام و مسائل کا آغاز کیا جاتا ہے۔ اس سلسلے میں سب سے پہلے پانی اور اس کی مختلف قسموں کی شرعی حیثیت کو سمجھنا ضروری ہے۔

© rasailojaraid.com